05-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	الحديث: سنن الترمذی	کل وقت:	30منٹ
کلاس:	الشهادة العالمية (السنة الثانية)	کل نمبر:	20

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ________________

نام طالبعلم: ________________________________

حصہ معروضی

سوال نمبر1: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں۔ درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ کاٹ کر لکھاہوا غلط تصور ہو گا۔

1۔ "جامع الترمذی" شریف حدیث کی کتاب ہے:

(الف) صحیح (ب) سنن (ج) مسند (د) مستدرک

2۔ امام ترمذی کی کنیت ہے:

(الف) ابوالحسن (ب) ابوموسی (ج) ابوعیسی (د) ابوجعفر

3۔ نماز قبول نہیں ہوتی:

(الف) کفارہ کے بغیر (ب) صدقہ کے بغیر (ج) بغیر مال کے (د) وضو کے بغیر

4۔ حضور ﷺ نے استنجاء کرنے سے منع فرمایا:

(الف) دائیں ہاتھ سے (ب) ہڈی سے (ج) گوبر سے (د) تینوں سے

5۔ صدقہ قبول نہیں ہوتا:

(الف) وراثت سے (ب) خیانت سے (ج) تجارت سے (د) زکوۃ سے

6۔ حیض کی کم از کم مدت ہے:

(الف) تین دن (ب) پانچ دن (ج) سات دن (د) دس دن

7۔ 35 اونٹوں میں زکوٰۃ ہوگی:

(الف) ایک سال کی اونٹنی (ب) تین سال کی اونٹنی (ج) پانچ سال کی اونٹنی (د) چھ سال کی اونٹنی

8۔ شہد کا نصاب ہے:

(الف) دس مشک (ب) پندرہ مشک (ج) بیس مشک (د) پچیس مشک

9۔ ماں باپ سے حسن سلوک کے بعد افضل ہے:

(الف) تجارت (ب) زکوۃ (ج) صدقہ (د) جہاد

10۔ ماں کے درجہ میں ہے:

(الف) دادی (ب) بہن (ج) پھوپھو (د) خالہ

ورق الٹیے

11۔ باپ کا اولاد کے لیے بہتر تحفہ ہے:

(الف) مال وزر (ب) ہنر سکھانا (ج) اچھا پڑھانا (د) اچھا ادب سکھانا

12۔ آدمی کا اہل وعیال پر خرچ کرنا ہے:

(الف) نیکی (ب) احسان (ج) صدقہ (د) حسن سلوک

13۔ مسلمان کا مسلمان کو ڈرانا ہے:

(الف) جائز (ب) ناجائز (ج) حرام (د) مستحب

14۔ اس کے سامنے کلمہ حق کہنا جہاد ہے:

(الف) ظالم (ب) مظلوم (ج) ظالم بادشاہ (د) مظلوم بادشاہ

15۔ سب سے پہلے لباس خلعت پہنایا جائے گا:

(الف) حضرت عیسیٰؑ (ب) حضرت اسماعیلؑ کو (ج) حضرت ابراہیمؑ کو (د) حضرت یوسفؑ کو

16۔ حوض کوثر پر پیالوں کی تعداد ہو گی:

(الف) ستاروں کے برابر (ب) بتوں کے برابر (ج) زروں کے برابر (د) ریت کے برابر

17۔ امام مہدی ہم نام ہوں گے:

(الف) حضرت داودؑ کے (ب) حضرت عیسیٰؑ کے (ج) حضور نبی کریم ﷺ کے (د) حضرت ابراہیمؑ کے

18۔ دجال کا زمین پر قیام ہو گا:

(الف) 30دن (ب) 40دن (ج) 80دن (د) 100دن

19۔ جنت میں موتیوں کے محلات کی چوڑائی ہیں:

(الف) 40موصل (ب) 50موصل (ج) 60موصل (د) 70موصل

20۔ جنت کی نہریں ہیں:

(الف) فردوس میں (ب) معلی میں (ج) عدن میں (د) نہیں

05-02-2025

نظام المدارس پاکستان
سالانہ امتحان 2025ء

مضمون:	الحدیث: سنن الترمذی	کل وقت:	2:30 گھنٹے
کلاس:	الشہادۃ العالمیۃ (السنۃ الثانیۃ)	کل نمبر:	80

رول نمبر (ہندسوں میں): | | | | | | | رول نمبر (لفظوں میں): ____________________

حصہ انشائیہ

سوال نمبر 2: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ وضو کی فضیلت پر کوئی ایک حدیث پاک لکھیں۔
2۔ طہارت کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی کوئی ایک حدیث پاک لکھیں۔
3۔ ترمذی شریف کے تعارف پر دو لائنیں لکھیں۔
4۔ کن اشیاء سے استنجاء کرنا مکروہ ہے؟ تحریر کریں۔
5۔ وضو پر وضو کرنا کیسا ہے؟ تحریر کریں۔
6۔ موزوں پر مسح کی مدت کیا ہے؟ تحریر کریں۔
7۔ حدیث پاک میں کن دو قبروں کو عذاب کی وجوہات کہا گیا؟ تحریر کریں۔
8۔ "لیس علی المسلمین عشو" سے کیا مراد ہے؟ حدیث پاک سے واضح کریں۔
9۔ صدقہ دے کے واپس لینا کیسا ہے؟ تحریر کریں۔
10۔ قطع رحمی کے متعلق حدیث قدسی تحریر کریں۔
11۔ یتیموں کی کفالت کرنے اور ان پر رحم کرنے کا اجر و ثواب تحریر کریں۔
12۔ مسلمان سے ترک تعلق کرنا کیسا ہے؟ تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: درج ذیل سوالات میں سے 10 کے مختصر جوابات تحریر کریں۔ 2x10=20

1۔ "منساۃ فی الاثر" کا کیا مطلب ہے؟ تحریر کریں۔
2۔ "الثرثارون" اور "متفیھقون" سے کون لوگ مراد ہیں؟ تحریر کریں۔
3۔ کتنی اور کون کون سی صورتوں میں مسلمان کا خون حلال ہے؟ تحریر کریں۔
4۔ غیبت اور بہتان میں کیا فرق ہے؟ تحریر کریں۔
5۔ دجال کی علامات تحریر کریں۔
6۔ "من کذب علیّ متعمدا فلیتبوا مقعدہ من النار" ترجمہ لکھیں۔
7۔ "یومئذ تحدث اخبارھم" کا کیا مطلب ہے؟ تحریر کریں۔
8۔ جنت کے دروازوں کے درمیان کتنا فاصلہ ہے؟ تحریر کریں۔
9۔ حوض کوثر کے بارے دو لائنیں تحریر کریں۔
10۔ کتنے اور کون کون سے لوگوں کی دعا قبول نہیں ہوتی؟ تحریر کریں۔
11۔ جنتیوں کی کتنی صفیں ہوں گی؟ اور آخری امت کے لیے کتنی صفیں ہوں گی؟
12۔ حضور ﷺ کی مبارک انگلیوں سے پانی کے چشمے بہنے کا معجزہ تحریر کریں۔

تفصیلی سوالات

سوال نمبر 4: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ 10x2=20

i. "عن علی عن النبی ﷺ قال مفتاح الصلوۃ الطھور وتحریمھا التکبیر وتحلیلھا السلم"

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) وضو کی فضیلت پر ایک تفصیلی نوٹ ترمذی شریف کی روشنی میں تحریر کریں۔

ii. "عن ابی ایوب الانصاری قال قال رسول اللہ ﷺ اذا اتیتم الغائط فلا تستقبلوا القبلۃ بغائط ولا بول و لا تستدبروھا ولکن شرقوا اوغربوا قال ابوایوب فقدمنا الشام فوجدنا مراحیض قد بنیت مستقبل القبلۃ فنحرف عنھا و نستغفر اللہ"

(الف) عبارت پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں؟

(ب) حدیث شریف میں بظاہر ایک تعارض ہے آپ اس تعارض کی نشاندہی کر کے اس کا ازالہ تحریر کریں۔

ورق الٹئے

iii. "مندرجہ ذیل میں سے دو کی زکوٰۃ کے احکام تفصیلاً تحریر کریں۔

اونٹ　　گائے　　سونے اور چاندی

سوال نمبر 5: درج ذیل سوالات میں سے 2 کے تفصیلی جوابات تحریر کریں۔ **10x2=20**

i. "عن ابن مسعود قال سالت رسول اللہ ﷺ فقلت یا رسول اللہ ﷺ ای الاعمال افضل قال الصلوۃ لمیقاتھا قلت ثم ماذا یا رسول اللہ ﷺ قال برالوالدین قلت ثم ماذا یا رسول اللہ ﷺ قال الجھاد فی سبیل اللہ"

(الف) حدیث شریف پر اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

(ب) والدین کے حقوق احادیث مبارکہ اور قرآن مجید کی روشنی میں تفصیلاً تحریر کریں۔

ii. درج ذیل میں سے دو پر نوٹ لکھیں۔

حسد　　غیبت　　قطع رحمی

iii. معجزات النبی ﷺ میں سے کوئی سے تین معجزات تفصیلاً تحریر کریں۔